رائے عامہ سروے

## مذہب
## مشق

# 43% پاکستانی مرد حضرات کے مطابق وہ اپنے گھر کے سب سے قریب ترین مسجد میں پانچوں وقت کی نماز ادا کرتے ہیں۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد) ، 13 جنوری 2022


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 43% پاکستانی مرد حضرات کے مطابق وہ اپنے گھر کے سب سے قریب ترین مسجد میں پانچوں وقت کی نماز ادا کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مرد حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ اپنے گھر کے سب سے قریب مسجد میں کتنے وقت کی نماز ادا کرتے ہیں؟ "**۔اس سوال کے جواب میں43% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر کے سب سے قریب مسجد میں پانچوں وقت کی نماز ادا کرتے ہیں، 30% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر کے سب سے قریب مسجد میں دن میں ایک آدھ مرتبہ نماز ادا کرتے ہیں، 14% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر کے سب سے قریب مسجد میں صرف جمعہ کو نماز ادا کرتے ہیں، 2% جوابدہندگان کے مطابق وہ نماز ہی نہیں پڑھتے ہیں، 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ کسی اور مسجد میں نماز ادا کرتے ہیں، جبکہ 1% جوابدہندگان کے مطابق اطلاق نہیں ہوتا (یعنی وہ غیر مسلم ہیں)، تاہم 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" آپ اپنے گھر کے سب سے قریب مسجد میں کتنے وقت کی نماز ادا کرتے ہیں؟"**

**پاکستان بھر سے**

**(مرد حضرات)**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## شہری۔دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:

دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے (42%) جوابدہندگان کی نسبت شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے (45%) جوابدہندگان میں اپنے گھر کے سب سے قریب مسجد میں پانچوں وقت کی نماز ادا کرنے کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی۔

### شہری۔دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1454 مرد حضرات سے 23 ستمبر 2021 تا 8 اکتوبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, January 13, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* [www.gallup-international.com](www.gallup-international.com)

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)